Web-dknewscoverage.com
MEMBER : CPNE

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت A.B.C Certified پاکستان کا پہلا انٹرنیشنل اردو اخبار

Daily NEWS COVERAGE Karachi

روزنامہ
نیوز کورنج
کراچی
چیف ایڈیٹر
عبدالقیوم خان
مینجنگ ایڈیٹر: بابا الیاس چشتی
Regd # 1465

جلد 9 | منگل 02 جنوری 2018ء 14 ربیع الثانی 1439ھ | شمارہ نمبر 168 | قیمت 5 روپے

پاکستان امریکی رہنماؤں کو بیوقوف سمجھتا ہے
امریکی صدر

سماجی رابطے کی ویب ٹویٹر پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر پاکستان پر الزامات لگاتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا نے گزشتہ 15 سال میں پاکستان کو 33 ارب ڈالر امداد دے کر بہت بڑی بے وقوفی کی

امداد وصول کرنے کے باوجود بھی پاکستان نے امریکا کے ساتھ جھوٹ بولا۔امریکی صدر نے کہا کہ پاکستان امریکی رہنماؤں کو بے وقوف سمجھتا ہے اوران دہشت گردوں کو محفوظ پناہ گاہیں فراہم کرتا ہے جنہیں ہم افغانستان میں تلاش کررہے ہیں

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ پاکستان امریکی رہنماؤں کو بے وقوف سمجھتا ہے اورامریکا نے بھی پاکستان کی مدد کرکے بے وقوفی کی۔سماجی رابطے کی ویب ٹویٹر پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر پاکستان پر الزامات لگاتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا نے گزشتہ 15 سال میں پاکستان کو 33 ارب ڈالر امداد دے کر بہت بڑی بے وقوفی کی،امداد (بقیہ نمبر 02☆صفحہ نمبر 03)

سال نو کا جشن ہماری کامیابیوں کا مظہر ہے، ترجمان پاک فوج

ہمیں نئے سال کے موقع پر شہدا کی قربانیوں کو نہیں بھولنا چاہئے اوران کا شکریہ ادا کرنے کی ضرورت ہے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاک فوج نے شہریوں کو نئے سال 2018 کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس موقع پر شہدا کی قربانیوں کو بھی یاد رکھیں۔پاک فوج کے (بقیہ نمبر 01☆صفحہ نمبر 03)

سیاچن میں شہید ہونیوالے 3 جوانوں کی نماز جنازہ ادا

فورس کمانڈر شمالی علاقہ جات میجر جنرل ثاقب محمود ملک سمیت اعلیٰ عسکری وسول حکام نے شرکت کی

اسکردو (نامہ نگار) گیاری سیکٹر میں برفانی تودے تلے دب کر (بقیہ نمبر 03☆صفحہ نمبر 03)

گلگت' گیانگ سیکٹر میں برفانی تودے کی زد میں آ کر شہید ہونیوالے فوجی جوانوں کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

امریکہ غلطی نہ کرے منہ توڑ دینگے
وزیر خارجہ

گر امریکہ نے کوئی ایسی حرکت کی تو نہ صرف پاکستان کا دفاع کریں گے بلکہ امریکہ کو منہ توڑ جواب دیں گے۔سینئر صحافی سے گفتگو کے دوران خواجہ آصف نے امریکی صدر کے دعوے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرمپ نے غلط بیانی سے کام لیا ہے

ٹرمپ افغانستان میں امریکا کی ناکامی پر مایوسی کا شکار ہے، امریکا کو چاہیے افغانستان میں فوجی طاقت کے بجائے مذاکرات کا راستہ اپنائے۔خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ ہم امریکا کو پہلے ہی نو مور کہہ چکے، ٹرمپ کے نومور کی کوئی اہمیت نہیں ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خارجہ خواجہ آصف نے ٹرمپ کی جانب سے 33 ارب ڈالر دیے جانے کے بیان پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکہ کو ایک ایک پائی کا سرعام حساب دینے کیلئے تیار ہیں۔سینئر صحافی کا کہنا تھا کہ میں نے ان سے سوال کیا کہ اگر امریکہ نے اس فرسٹریشن میں پاکستان کے رہائشی علاقے پر ڈرون حملہ کیا تو پھر ہم کیا کریں گے،جس پر خواجہ آصف نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ اگر امریکہ نے کوئی ایسی حرکت کی تو نہ صرف پاکستان کا دفاع کریں گے (بقیہ نمبر 07☆صفحہ نمبر 03)

نیب نے سندھ میں ہمیشہ ظلم کیا، زرداری

ایک سوال کے جواب میں سابق صدر نے کہا کہ ملکی سیاست میں طویل عرصے سے نوابزادہ نصراللہ کی کمی تھی جواب طاہرالقادری نے پوری کردی

نیب نے سندھ میں ہمیشہ ظلم کیا اور عدالت سے رجوع کرکے ایک نہر بند کروادی جس کی وجہ سے 26 لاکھ ایکڑ زمین پانی سے محروم ہوگئی

لاہور (بیورو رپورٹ) سابق صدر آصف علی زرداری نے قومی احتساب بیورو کو کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ نیب نے سندھ میں ہمیشہ ظلم کیا جبکہ طاہرالقادری نے ملکی سیاست میں نوابزادہ نصراللہ خان کی کمی پوری کردی۔لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ مشرف بیماری کا بہانہ بنارہے ہیں،اگر وہ بیگم کے ساتھ ناچ سکتے ہیں تو وطن واپس بھی آسکتے ہیں۔آصف علی زرداری (بقیہ نمبر 11☆صفحہ نمبر 03)

اسلام آباد' وزیراعظم شاہد خاقان عباسی سے پاکستان بیت المال کے مینجنگ ڈائریکٹر بیرسٹر عابد وحید پی ایم ہاؤس میں ملاقات کررہے ہیں

ٹرمپ کے بیان پرغور کیلیے کابینه کا اجلاس آج طلب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے وفاقی کابینہ کا اہم اجلاس آج طلب کرلیا جس میں امریکی صدر کے بیان پرغور کیا جائے گا۔ذرائع کے (بقیہ نمبر 12☆صفحہ نمبر 03)

پاکستان سے بھارتی کرکٹ سیریز کا امکان مسترد، سشما سوراج

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی وزیرخارجہ سشما سوراج نے پاک بھارت کرکٹ سیریز کا امکان مسترد کردیا۔(بقیہ نمبر 13☆صفحہ نمبر 03)

کراچی' وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ تعلیم کے شعبے میں اصلاحات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وکلا کی غیر حاضری پر چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ برہم

اہم نوعیت کے مقدمات میں وکلا خود تو آئے نہیں سائلین کو بھیج دیا، جسٹس احمد علی ایم شیخ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نئے سال کے پہلے دن اہم ترین کیسز کی سماعت کے دوران وکلا کی غیر حاضری پر چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ نے برہمی کا اظہار کردیا۔(بقیہ نمبر 09☆صفحہ نمبر 03)

کسی بھی اسلامی ریاست میں شریعت کے متصادم کوئی قانون نہیں بن سکتا ہے، مولانا فضل الرحمٰن

ایم ایم اے کی بحالی بھی پاکستان کے اندر مختلف مسائل اور انتشار سے اس قوم کو نکالنے کا ہدف ہے، سربراہ جمیعت علماء اسلام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ ایم ایم اے کی بحالی بھی پاکستان کے اندر مختلف مسائل اور انتشار سے اس قوم کو نکالنے (بقیہ نمبر 10☆صفحہ نمبر 03)

نوازشریف الیکشن کمیشن و فریقین کو نوٹسز جاری

سپریم کورٹ نے انتخابی اصلاحات ایکٹ کیخلاف درخواستیں قابل سماعت قرار دے دیں' نوازشریف اور الیکشن کمیشن سمیت تمام فریقین کو نوٹس

نیشنل پارٹی کی انتخابی اصلاحات ایکٹ کو کالعدم قرار دینے کی استدعا......قوانین کالعدم قرار دینے والے عدالتی فیصلوں کی نظیر بتائیں' چیف جسٹس کا استفسار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے انتخابی اصلاحات ایکٹ کے خلاف درخواستیں قابل سماعت قرار دیتے ہوئے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر' سابق وزیراعظم محمد نوازشریف اور الیکشن کمیشن سمیت تمام فریقین کو نوٹس جاری کردیے ہیں جبکہ چیف جسٹس' جسٹس ثاقب نثار نے سابق وزیراعظم نوازشریف کے پارٹی صدر بننے کے خلاف درخواستوں کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے ہیں کہ پارلیمنٹ قانون (بقیہ نمبر 04☆صفحہ نمبر 03)

سابق سی جے سی ایس سی خالد شمیم کی نماز جنازہ لاہور میں ادا

لاہور (بیورو رپورٹ) سابق چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی خالد شمیم وائیں کی نماز جنازہ لاہور میں ادا کردی (بقیہ نمبر 08☆صفحہ نمبر 03)

افغانستان' اہم طالبان دہشتگرد 14 ساتھیوں سمیت ہلاک

ہلاک ہونے والوں میں اہم طالبان کمانڈر مولوی احمد مسرور، ملا صادق اللہ اور مولوی سجاد بھی شامل ہیں

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) افغان صوبے ہلمند میں فضائی حملے کے نتیجے میں افغان طالبان کے اہم کمانڈر اپنے 14 ساتھیوں سمیت ہلاک ہوگئے ہیں۔غیرملکی خبررساں (بقیہ نمبر 05☆صفحہ نمبر 03)

لٹیرا قاتل شہباز شریف برطرف کیا جائے
طاہر القادری

2013ء میں دہشتگردی کے نامعلوم واقعہ پر وزیراعلیٰ بلوچستان ہٹائے جاسکتے ہیں' شہبازشریف کیوں نہیں؟' ڈاکٹر طاہرالقادری

پاکستان کی سیاسی تاریخ کی واحد اے پی سی صرف مظلوموں کو انصاف دلوانے کیلئے سرجوڑ کر بیٹھی' سربراہ عوامی تحریک کی سنٹرل کور کمیٹی کے اجلاس میں گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان عوامی تحریک کے سربراہ ڈاکٹر طاہرالقادری نے کہا ہے کہ جنوری 2013ء میں بلوچستان میں دہشت گردوں کے ہاتھوں شہری شہید ہوئے تو لواحقین او زخمیوں نے نامعلوم دہشتگردوں کی گرفتاری کیلئے احتجاجی دھرنا دیا جس پر بلوچستان کے وزیراعلیٰ اسلم رئیسانی حکومت کو ہٹا کر پورے صوبے میں ایمرجنسی لگا دی گئی تھی' بلوچستان میں قتل عام کرنے والے کالعدم تنظیموں کے نامعلوم دہشتگرد تھے (بقیہ نمبر 06☆صفحہ نمبر 03)

خوشحال اور ترقی یافتہ پاکستان کی بنیاد رکھ دی گئی ہے' شہبازشریف

اورنج لائن میٹروٹرین پاکستان کی تاریخ کا بہترین ٹرانسپورٹ پراجیکٹ ہوگا' وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (یو پی آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محمد شہبازشریف نے کہا ہے کہ خوشحال اور ترقی یافتہ پاکستان کی بنیاد رکھ دی گئی ہے،سی پیک نے پاکستان میں محفوظ غیرملکی سرمایہ کاری کے دروازے کھول دیئے ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب محمد شہبازشریف نے سعودی عرب میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چائنہ پاکستان اکنامک کوریڈور کا پراجیکٹ حقیقی معنوں میں عالمی سطح پر (بقیہ نمبر 19☆صفحہ نمبر 03)

اسلام آباد' وزیراعظم کے مشیر عرفان صدیقی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نوازشریف کو نااہل کرنے کرانیوالے شرمندہ ہونگے ، رانا ثنااللہ

شیخ رشید اور عمران خان دونوں بوکھلاہٹ اور ذہنی اضطراب کا شکار ہیں، وزیر قانون پنجاب

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب کے وزیرقانون رانا ثنااللہ کا کہنا ہے (بقیہ نمبر 20☆صفحہ نمبر 03)

بہاولپور' وفاقی وزیرتعلیم اور پروفیشنل ٹریننگ محمد بلیغ الرحمٰن چوک نمبر 12BC میں عیدگاہ کا افتتاح کررہے ہیں

معاشی سرگرمیوں میں پاکستان سرفہرست ہوگا، گورنرسندھ

2018ء قومی ترقی ،معاشی خوشحالی اور یکساں ترقی کے مواقعوں کے لئے اہم ثابت ہوگا، محمد زبیر

تعین کردہ اہداف کے حصول میں اس برس حوصلہ افزاء نتائج یقینی ہیں،ظہرانہ سے خطاب میں اظہار

کراچی (یو پی آئی) گورنرسندھ محمد زبیر نے کہا ہے کہ 2017ء کی طرح 2018ء بھی قومی ترقی ،معاشی خوشحالی اور یکساں ترقی کے مواقعوں کے لئے اہم ثابت ہوگا اس ضمن میں حکومت کی معاشی پالیسی کے مثبت نتائج کے مزید ثمرات بھی عوام تک پہنچنا شروع ہوجائیں گے ، امن وامان کے قیام اور انرجی بحران کے خاتمہ کے بعد معاشی خوشحالی کے لئے تعین کردہ اہداف کے حصول میں اس برس حوصلہ افزاء نتائج یقینی ہیں ۔انہوں نے مزید کہا کہ عالمی حالات کے بدلنے سے معاشی سرگرمیوں میں پاکستان سرفہرست ہو گا سی پیک منصوبہ سے قومی امنگوں کے عین مطابق نتائج کے حصول سے قومی ترقی مزید تیز ہوگی ، غیرملکی سرمایہ کاری میں تسلسل سے اضافہ سے غربت اور بے روزگاری کا خاتمہ یقینی (بقیہ نمبر 18☆صفحہ نمبر 03)

پیٹرول کی قیمت آدھی کرو ورنہ احتجاج ہوگا، بلاول

پیپلز پارٹی کے چیئرمین پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر درعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نئے سال کی آمد پر عوام پر مہنگائی کا بم گرایا گیا، ن لیگ کھلم کھلا عوام دشمنی پر اتر آئی ہے

حکمران معصوم پاکستانی عوام کا خون چوس رہے ہیں، پیپلز پارٹی ن لیگ کے معاشی حملے کا مقابلہ کرے گی۔انہوں نے کہا کہ مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے اوراس کے ذمہ دار شریف برادران ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے حکومت سے تیل کی قیمتیں فوری آدھی کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ تیل کی قیمتیں فوری آدھی کردی جائیں ورنہ احتجاج ہوگا۔پیپلز پارٹی کے چیئرمین پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر درعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نئے سال کی آمد پر عوام پر مہنگائی کا بم گرایا گیا،ن لیگ (بقیہ نمبر 14☆صفحہ نمبر 03)

کراچی پرامن ہوگیا، 6 سال بعد سی ویو نئے سال کی آمد پر کھلا ہے، وزیرداخلہ سندھ

حالت جنگ میں تھے اور ہیں، لیکن اب صورتحال بہتر ہوری ہے، 2018 ملک کے بہتر سال ہوگا، سہیل انور خان سیال

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے وزیرداخلہ سہیل انور خان سیال (بقیہ نمبر 15☆صفحہ نمبر 03)

کراچی میں سالِ نو پر ہوائی فائرنگ سے 24 افراد زخمی

فائرنگ کے واقعات کلری، لانڈھی، کورنگی، سائٹ ایریا، ناظم آباد، سرسید ٹاؤن اور گارڈن میں پیش آئے، پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نئے سال کی آمد پر شہر قائد گولیوں کی (بقیہ نمبر 16☆صفحہ نمبر 03)

آزادکشمیر میں جاری ترقیاتی منصوبوں سے عوام مستفید ہوں گے، سردار مسعود خان

راولاکوٹ (یو پی آئی) صدر آزاد جموں وکشمیر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں انفراسٹرکچر اور روڈز سے متعلق جملہ ترقیاتی منصوبہ جات عام آدمی کو ترجیحا فائدہ وسہولیات پہنچانے کے لیے شروع کیے (بقیہ نمبر 17☆صفحہ نمبر 03)

موسمیات کے منصوبے سی پیک میں شامل کرنے کے لیے پی سی ون کی تیاری شروع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ موسمیات پاکستان نے ارلی وارننگ سسٹم کی اپگریڈیشن کے پلان میں شامل چند منصوبوں کو چائنا پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے میں شامل کرنے کے لیے نئے پی سی ون کی تیاری کا کام شروع کردیا ہے۔محکمہ موسمیات پاکستان نے ارلی (بقیہ نمبر 23☆صفحہ نمبر 03)

کراچی' گورنرسندھ محمد زبیر معروف صنعتکار عارف حبیب کی جانب سے دیئے گئے ظہرانے میں صنعتکاروں کے ہمراہ گفتگو کررہے ہیں

پٹرولیم مصنوعات، عوام سے 3 کھرب کی لوٹ مار

حکومت نے لیوی ٹیکس سے 25 ارب اکھٹے کیئے۔موجودہ حکومت نے اقتدار سنبھالا تو جون میں پٹرول کی قیمت 99 روپے 70 پیسے تھی۔ڈیزل کے نرخ 104 روپے فی لٹر تھے،وزارت خزانہ

6 ماہ میں حکومت نے 18 مرتبہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کیا۔21 مرتبہ قیمتیں برقرار رکھیں اور 14 بار کمی کی۔دریں اثناء حکومت کی جانب سے 18 ارب 36 کروڑ روپے کی سبسڈی دینے کا دعویٰ بھی کیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کا سلسلہ سال بھر جاری رہا۔ذرائع کے مطابق حکومت نے ساڑھے چار سال میں 300 ارب روپے کمائے۔وزارت خزانہ کے مطابق حکومت نے لیوی ٹیکس سے 25 ارب اکھٹے کیئے۔موجودہ حکومت نے اقتدار سنبھالا تو جون میں پٹرول کی قیمت 99 روپے 70 پیسے تھی۔ڈیزل کے نرخ 104 روپے فی لٹر (بقیہ نمبر 21☆صفحہ نمبر 03)

کراچی' جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن جامعہ صفہ بلدیہ ٹاؤن میں دارالحدیث کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پاک بحریہ کے کموڈور عبدالباسط بٹ کی ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی

آپ نے مختلف کمانڈ اور اسٹاف تقرریوں پر گراں قدر خدمات سرانجام دیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کموڈور عبدالباسط بٹ کو ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی دی گئی ہے۔ریئر ایڈمرل عبدالباسط بٹ نے 1989 میں پاکستان نیوی کی آپریشنز برانچ میں کمیشن حاصل کیا۔اپنے امتیازی پیشہ ورانہ کیریئر کے دوران آپ نے مختلف کمانڈ اور اسٹاف تقرریوں پر گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔آپ کی کمانڈ تقرریوں میں کمانڈنگ آفیسر 28 ایوی ایشن اسکوارڈن اور کمانڈر نیول ایوی ایشن جبکہ اسٹاف تقرریوں میں ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 22☆صفحہ نمبر 03)

چکوال میں ناپید جانور کی 33 لاکھ سال پرانی کھوپڑی دریافت

سوہاوہ (نامہ نگار) پاکستان میں ناپید جانور کی 33 لاکھ سال پرانی کھوپڑی کی دریافت نے ہلچل مچادی۔سوہاوہ کے علاقے تتروٹ سے 33 لاکھ سال پرانے انتھریکوتھیریڈ خاندان کی کھوپڑی دریافت ہوئی ہے۔ ناپید جانور (بقیہ نمبر 24☆صفحہ نمبر 03)

جنوبی پنجاب میں موسمی انفلوئنزا سے ہلاکتوں کی تعداد 12 ہوگئی

ملتان (بیورو رپورٹ) جنوبی پنجاب میں موسمی انفلوئنزا اے ایچ ون این ون خطرناک وبائی صورت اختیار کرگیا اس وائرس سے ہلاک ہونے والے افراد کی تعداد 12 ہوگئی۔ذرائع کے مطابق موسمی وائرل انفیکشن انفلوئنزا اے ایچ ون این ون نے ملتان سمیت جنوبی پنجاب (بقیہ نمبر 28☆صفحہ نمبر 03)

کراچی کے علاقے کلفٹن ساحل سمندر سے دوروز پرانی ڈوبی ہوئی لاش برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے کلفٹن ساحل سمندر سے دوروز پرانی ڈوبی ہوئی لاش ملی۔پولیس نے (بقیہ نمبر 29☆صفحہ نمبر 03)

زمین کے تنازع پر کھڑا اور بھٹو برادری دو گروپوں میں تصادم، 3 افراد جاں بحق، 2 زخمی

لاڑکانہ (نامہ نگار) لاڑکانہ کے قریب زمین کے تنازع پر کھڑا اور بھٹو برادری دو گروپوں میں تصادم کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے ہیں۔لاڑکانہ کے قریب (بقیہ نمبر 31☆صفحہ نمبر 03)

سی پیک کیلئے چینی فنڈنگ کا طریقہ تبدیل

اجلاس میں چین کی جانب سے سی پیک کے تحت منصوبون کے فنڈز روکنے سے متعلق خبروں کا معاملہ زیر بحث آیا

چین نے کسی منصوبے کے لئے درکار فنڈز نہیں روکے اور نا ہی وہ کسی منصوبے سے پیچھے ہٹا ہے، این ایچ اے حکام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے حکام کا کہنا ہے کہ چین نے کسی بھی منصوبے کا فنڈ روکنے کا نہیں کہا بلکہ سی پیک کی فنڈنگ کا طریقہ کار تبدیل کیا ہے۔قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کا اجلاس چیئرمین محمد مزمل قریشی کی زیر صدارت ہوا۔اجلاس میں چین کی جانب سے سی پیک کے تحت منصوبون کے فنڈز روکنے سے متعلق خبروں کا معاملہ زیر بحث آیا۔چیئرمین کمیٹی مزمل قریشی نے نیشنل ہائی وے (بقیہ نمبر 25☆صفحہ نمبر 03)

کراچی اور سندھ کے شہری علاقے صحیح معنوں میں پاکستان کی معیشت کا انجن ہیں، فاروق ستار

ہم قطرہ قطرہ کرکے دریا بنارہے ہیں اور ہر ہفتے یہ خوشگوار حیرت کے تحفے کراچی، حیدرآباد میرپورخاص کی عوام کو دیتے رہے گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سربراہ ایم کیو ایم پاکستان ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ یہ خوشگوار حیرتوں کے تحفے جسکا طویل سلسلہ اب جاری ہوا ہے 2018ء کے انتخابات تک اور 2018ء کے انتخابات میں ہماری تاریخی کامیابی کے بعد تک جاری رہیگا انہوں نے کہا کہ 2017ء ہمارے صبر کے امتحان کا سال تھا لوگوں کو تقسیم ہونے سے بچانے کا سال تھا لوگوں کی امیدوں کو قائم اور دائم رکھنے کا سال تھا فاروق ستار نے مزید کہا کہ 2018ء انشاء اللہ پاکستان کے عام (بقیہ نمبر 26☆صفحہ نمبر 03)

کراچی، رینجرز نے شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے 11 ملزمان کو گرفتار کرلیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان رینجرز سندھ نے شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے 11 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔یہ ملزمان مختلف جرائم کی وارداتوں میں ملوث ہیں۔کلفٹن کے علاقے میں رینجرز نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم فیصل رضا خان کو گرفتار کیا جس (بقیہ نمبر 27☆صفحہ نمبر 03)

فراہمی و نکاسی آب کی سنگین صورتحال کا انکشاف

سندھ حکومت محکمہ پبلک ہیلتھ انجنیئر نگ کے ذریعے 16.567 ملین آبادی کو پینے کا پانی فراہم کررہی ہے، وزیراعلیٰ سندھ

اس کی ڈرینیج کی اسکیمیں 12.513 ملین کا احاطہ کرتی ہیں جو کہ آبادی کا 40 فیصد بنتا ہے، اجلاس کی صدارت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت محکمہ پبلک ہیلتھ انجنیئر نگ کے ذریعے 16.567 ملین آبادی کو پینے کا پانی فراہم کررہی ہے جو کہ 35 فیصد بنتا ہے جبکہ اس کی ڈرینیج کی اسکیمیں 12.513 ملین کا احاطہ کرتی ہیں جو کہ آبادی کا 40 فیصد بنتا ہے۔یہ بات وزیراعلیٰ سندھ نے وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے یہ بات سندھ کے لوگوں کو پینے کا صاف پانی کی فراہمی (بقیہ نمبر 30☆صفحہ نمبر 03)

حافظ سعید کی تنظیمیں سرکاری تحویل میں لینے کا فیصلہ

حکومت نے جماعتہ الدعوہ کے سربراہ حافظ محمد سعید سے وابسطہ فلاحی اور دیگر تنظیموں کے اثاثے ضبط کرنے کا فیصلہ کیا ہے، غیرملکی خبررساں ادارے رائٹرز کی رپورٹ

جماعتہ الدعوہ اور فلاح انسانیت فاؤنڈیشن کے ساتھ ہزاروں رضا کار اور سیکڑوں تنخواہ دار لوگ منسلک ہیں، انٹیلی جنس اداروں کی رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت پاکستان نے حافظ محمد سعید سے منسلک دو تنظیموں جماعتہ الدعوہ اور فلاح انسانیت فاؤنڈیشن کے مالی اثاثے ضبط اور ان کا انتظام سرکاری تحویل میں لینے کا فیصلہ کیا ہے۔غیرملکی خبر رساں ادارے رائٹرز کی رپورٹ کے مطابق حکومت نے جماعتہ الدعوہ کے سربراہ حافظ محمد سعید سے وابسطہ فلاحی اور دیگر تنظیموں کے اثاثے ضبط کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔خبر رساں ادارے نے اپنی رپورٹ میں دعویٰ (بقیہ نمبر 34☆صفحہ نمبر 03)

بھارتی جیل میں قید معذور پاکستانی بچہ رہا

لاہور (بیورو رپورٹ) بھارت کی امرتسر جیل میں قید سماعت اور گویائی سے محروم پاکستانی بچے حسنین کو رہائی مل گئی۔(بقیہ نمبر 32☆صفحہ نمبر 03)

نوازشریف کے بعد نیا سال زرداری اوران کے حواریوں کے خاتمے کا سال ثابت ہوگا، لیاقت جتوئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنماء و سابق وزیراعلیٰ سندھ لیاقت علی جتوئی نے (بقیہ نمبر 33☆صفحہ نمبر 03)